سوال نمبر 4994

منجانب: محترمہ نجمہ شاہین صاحبہ، رُکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر سوشل ویلفئیر ارشاد فرمائیں گے کہ

نمبر شمار	سوال	جواب
(الف)	آیا یہ درست ہے کہ کوہاٹ میں دستکاری سکول کام کر رہے ہیں؟	جی ہاں
(ب)	آیا یہ بھی درست ہے کہ میلئم سنٹر کوہاٹ میں بھی دستکاری سکول کام کر رہا ہے؟	جی نہیں۔ میلئم سنٹر میں محکمہ سماجی بہبود کے زیر انتظام کوئی دستکاری سکول کام نہیں کر رہا ہے۔
(ج)	اگر (ا) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو کوہاٹ میں کتنے دستکاری سکول کام کر رہے ہیں سوشل ویلفئیر کے تحت یتیم خانے اور دیگر منصوبے مثلاً لیاقت وُومن اینڈ چلڈرن ہسپتال میں عوامی سرائے کی موجودہ پوزیشن کیا ہے۔ نیز سال 14-2013 میں کوہاٹ میں کون کونسے منصوبے شروع کرنے کا پروگرام ہے تفصیل فراہم کی جائے۔	ضلع کوہاٹ میں سات عدد دستکاری سنٹرز ریگولر بنیادوں پر کام کر رہے ہیں جن میں دستکاری سنٹر پشاور چوک کوہاٹ، نصرت خیل ہنگو روڈ، گاؤں کاغذی لو، ہنگو روڈ شیر کوٹ، گاؤں بابری بانڈہ، بنوں روڈ خٹک کالونی، اور رحمان آباد روڈ کوہاٹ شامل ہیں۔ KDA کے علاقے میں ویلفئیر ہوم فعال ہے اور اس وقت اس میں بارہ بے گھر بچے زیر کفالت ہیں۔ عوامی سرائے لیاقت وُومن اینڈ چلڈرن ہسپتال میں فعال ہے۔ مالی سال 14-2013 کے دوران ضلع کوہاٹ کے لئے کوئی سالانہ ترقیاتی منصوبہ پیش نہیں کیا گیا۔